هملوشياص شهمصيص ۲ رکیاض ۲ مشقصیر ۲ هللوخا ۲ کوریوش ۲ بهنتا ۲ دنمفیالخ ۲ هشطوخ ۲ وبالاسماء التی قامت بها السموات وندحت بها الاراضون اهيا اهيا هی هی یه ۲ یوه مهلیاه ۲ رهطو ۲ جفخ ۲ ارتجت للکواکب وصققت ملائکة العذاب ورجفت الرياح وانقطعت الانفاس و فاز کل طائع و خاب کل جبار مشکیخا ۲ یاه یاه اربیلخ ۲ صعلوه ۲ معلیوه ۲ نهطیاه ۲ داعوج ۲ فیعوج ۲ ماعوج ۲ وبکهشیاط ۲ شهمنطا ۲ الوهیم ۲ شلیش ۲ کلشلش ۲ میلطروش ۲ هنطروش لیش ۲ کهریاش ۲ قرطیش ۲ همطیش ٤ ثلاطیش ٤ منهلطوش ٤ شملخ ٤ نماخ ٤ العالی علی کل براخ خندیش خلیش ٤ اکرا کرا کروک لاسماء تظلهم ولا ارض تقلهم الا ان یاتوامکانی ویدخلوا رقعتی هذه ویشموا بخوری ویطیعوا امری و یقضوحاجتی --- احترق من عصی بسم الله العجل ٤ من قبل ان یسلط علیکم ملائکة العذاب ملائکة غلاظ شداد لا یعصون الله ما امرهم و یفعلون مایؤمرون به

اے میرے نیک بھائی تمہیں معلوم ہو کہ اس قسم کے بڑے بڑے خواص ہیں۔ ان میں سے بعض ہم یہاں ذکر کرتے ہیں۔ کیونکہ جمہ اسماء وہ ہیں جن کا پہلا هلهیوه اور اُن کا آخری هشطوخ ہے۔ یہ اسماء فلک کے دائرے پر لکھے ہوئے ہیں۔ دلوں میں اُلفت و محبت ڈالنے دشمنوں کے درمیان صلح پیدا کرنے اور زبانوں کے بند کرنے کے سلسلے میں اس کا بڑا عظیم راز ہے۔

اور جن کا پردہ ہے اور اُسے جلانے کا عمل ہے۔ جب تم اُسے کسی برتن میں لکھواسے دھو کر تم اُسے پلاؤ جسے جن کی تکلیف ہے تو اللہ تعالیٰ اُسی وقت اُسے شفا دے گا۔

جب تم اُسے ایسے شخص پر باندھو جس پر جادو کیا گیا ہے تو اُسے جادو کی تکلیف سے اُسی وقت آرام ہو جائے گا۔ اگر تم اُسے تین دفعہ پڑھ کر بادشاہ یا سلطان کے پاس جاؤ تو وہ تمہاری عزت و تکریم کرے گا۔ وہ تمہاری حاجت پوری کرے گا (اور اگر اُس کے ساتھ دشمنی ہے) تو تم اُس کے شر سے محفوظ رہو گے جب حاضر کرنے کے عمل کے لیے طالب مداومت کے ساتھ اسے پڑھتا رہے تو جوانوں کی طرح اُس کے سے [illegible] ظاہر ہوں گی۔ اور جہاں تک اُن اسماء کا تعلق ہے جن کا اول احیا اور اُن کا آخر رھطوش ہے تو اُس میں مرگی والے آدمی کے افاقے کے لیے عظیم راز ہے جب اسے اُس کے کان میں پڑھا جائے۔ یہ اُن جنوں کے لیے بھی نافرمانی کرنے پر عظیم زجر ہے جب وہ کسی بات میں طالب کی مخالفت کریں یا اُس [illegible] دفن شدہ چیز یا خزانہ [illegible] جب تم ان اسماء کو [illegible] وہ حاجتوں کے پورا کرنے میں عمار کو ظاہر کر دیں گے۔ اور وہ [illegible] سب کچھ ظاہر کر دیں جو مخفی تھا۔ جیسے سحر چھپی ہوئی چیز یا خزانہ دفن کی ہوئی چیز [illegible] جن کا [illegible] نے ذکر کیا ہے۔ اور جہاں تک اُن تین ناموں کا تعلق ہے جن کا اول مشلخ بدید اور اُن کا آخر اکدا کروک ہے تو یہ عظیم اسماء ہیں تو تم املاک اور خدام میں سے جسے چاہتے ہو اُن کے ذریعے محبت کی کشش کا کام لو۔ اس کے ذریعے اعمال کے اعوان پر قسم ڈالو اور اُن کے ذریعے سید شرطلیا ئیل ع م و غیرہ کو نازل کرنے کے لیے کہو۔

پس یہ وہ اسماء ہیں جو ساطع ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔ پھر عمار کے ساتھ مخصوص قسم کا شروع ہے۔ وہ اُن امور کے لیے ہے جو اوقات اضطرار واقع کرتی ہیں۔ جو اُنکے لیے مخصوص ہیں۔ چاہے سفلی ملوک انہیں حکم دیں۔ جب تم دور کی طرف سے عامر کے حاضر کرنے کے ارادہ کرو یا اُس جگہ سے جس جگہ تم ہو تو طارش ملک العمار کو حکم کرو اور عمار (جنوں) میں سے جن کے

بارے میں تم چاہتے ہو حاضر کرنے کی خواہش وطلب کردہ وہ اُسی وقت حاضر ہو جائیں گے تو تم اُس سے پوچھو تو وہ تمہیں سچا جواب دے گا جب تک وہ ملک طارش کے واسطے سے حاضر رہے گا۔ اور اُس کا حاضر ہونا مذکور ملک کے حکم کے بغیر ہے تو تم اُسے ملک کے واسطے کے بغیر تنگ نہ کرو۔

یہ قسم عمار کے لیے خاص ہے اُن کے غیر کے لیے نہیں ہے

کیونکہ وہ واثنگ کردہ ہے اُن کی ذات کے حکم اور حکام ہیں اور اسی طرح اُن کا کردہ ہے جو غواص ہیں اور وہ شیاطین کی نوع ہے وہ اس علم کے طلبہ کے ساتھ جنگ کرتے ہیں اور اُن کی چھان بین کرتے ہیں چاہے وہ مخصوص داخل نہ ہوں لیکن کیونکہ وہ اُن باتوں کا ذکر نہیں کرتے جن سے انہیں منع کیا جائے کیونکہ وہ اس کو منع کرتے ہیں جو زمین پر ہیں اور یہ طالب کے پاس آتے ہیں۔ ہم اُن سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں اور وہ انہیں منع کرتے ہیں مگر اس ذکر کے ساتھ جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے شیخ عبدالخالق کی عقل کا رد کیا۔ جس کا اُس نے عمل کیا اور اُس نے اُس میں سے (کسی) ملائکہ کو طلب کیا وہ طالب پر داخل ہوئے اور اُس کے جسم میں آگئے تاکہ وہ اُس کا علاج کریں۔ تو اللہ تعالیٰ اُن سے کام لیتا ہے اسی وقت اُس کی عقل سلب کر لی۔ تو اُس کے شیخ حاضر ہوئے اور اُس پر مذکورہ عمل پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے اُس کی عقل کو لوٹا دیا اور اُس کے شیخ کو خبر کر دی جو کچھ بھی ہوا تھا۔ تو اس بات سے ڈرو کیونکہ علوی سفلی کی طرح نہیں ہیں۔ بلکہ اُن کے لیے مخصوص تصاریف ہیں اور عنقریب اُس کا ذکر کروں گا جس کا پہلے بیان ہو چکا ہے۔ جو شیخ عبدالخالق کی عقل کے رجوع کے ذکر کے ضمن میں تھا۔ وہ طالب سے غواصین وغیرہ لوگوں کو منع کرتا ہے اور وہ قسم جو عمار پر مخصوص ہے یہ ہے تم پڑھو

اقسم و اعزم علیك یا طارش ملك العمار او علیك یا عامر هذا المكان او البقعة بسره الخفی ووعده الوفی وسلطانه القوی

وبحق شلهلش ٤ رهيطلوش ٤ هلوش كرمدوش هرشطلش راطومش مهطفيش الومتيش هھيبلاش كلھطواش ٤ شكهطوش ٤طيطياش ٤ مقطيلوش ٤ صهلطوش صهلطوش عهطيش يقيش جهلطيش مهليا طوش العجل قبل حلول العذاب ووجود النكال ونزول المصائب والبلاء والاهوال لمن خالف استوجب غضب الجبار وعذاب النار وضاقت عليه الارض بما رحبت وحل به الانتقام من ذی الجلال والاكرام هيا٤ بحق كلمطيش ٤ هملياطيش ٤ كوش صهلباطوش العجل بهم يا طارش وان كان على طارش قلت العجل ولعمل به يا خدام هذه الاسماء بالله۔

اللہ تم پر رحم کرے۔ یہ مبارک قسم پوری ہوگئی۔

پھر عمار سے مخاطب ہو۔ جب وہ حاضر ہوں تو کہو

"اريد منكم ان تخبروني عن كذا وكذا بما هو كيت من غير كذب ولاتوهم"

اور اگر امر ایسے ظاہر ہو جو تمہارے کہنے کی ضد پر ہو تو تمہارے لئے عذاب نازل ہوگا جیسے قوم عاد پر عذاب نازل ہوا۔ تو وہ تمہاری تصدیق کرے گا اُس بارے میں جو تجھ اُس نے کہا تھا۔

اور جو ان سے متعلق ہے وہ قسم ہے جو مجھے شیخ بدرالدین ابوالقاسم التونسی نے لکھوائی وہ قسم جلیل ہے جس کی روایت آصف نے سیدنا سلیمان علیہ السلام سے کی تھی۔ اس کا کوئی مقدمہ نہیں ہے۔ وہ منوال برهتيه ہے۔ اور طالب پر یہ اقسام مخفی نہیں ہیں۔ جو عہد برهتيه سے مشابہت رکھتی ہیں۔ جب طالب کہے۔

اقسم عليك يا ملك العمار طارش اوعليكم يا عمار كذا و كذا۔

اور قسم کو اس کے آخر میں پڑھا جائے جسے بلائے گا وہ حاضر ہو جائے گا یہ قسم طالب کو دوسری اقسام سے بے نیاز کر دیتی ہے یہ قسم ہے تم پڑھو۔

شهطيالخ ٤ لنهشطوخ ٤ انطيطيثوخ ٤ هراخ اسكموتا اسكميثا مكلميشا بهاء النورونور البهاء شعطيت ٤ اهديلخ ٤ عفطياخ ٤ مصيص مصيصالومص يا هشلميفايا جلجميخا يا شفخلمش يا هيخمليلخ يا سقتدمر يار كهماليس يا عطعطيملد يا كمهما ليتخخ اندرهما ليصا اتصدهيوش يار كيالخ عللقتحيمالس عللمحينالغ عللمحينالغ كستا بالغ ايتولغ نطحكا لهيش ايلتخا سندع شيفقالتخ ايتو غالها لتخ هتو يغما هيتيغما لسكما ليغ منير السماد وماحوت هطابطايه لخ منير القمر بما احاط عطيا ٤ هطموغ ٤ طموخ ٤ منير الكواكب وما حواها همطيهجا لخخ بقدرة هذه الاسماء الا ما اسرعتم فى حضوركم لى فى هذه الساعة بعزة الملك القدير القاهر فوق عباده الحكيم الخبير لا يغلبه غالب ولا ينجو من قصاهه هرب ۔

تمہیں معلوم ہو کہ اس قسم کا ملک کام کرنے سے پیچھے نہیں رہتا۔ کیونکہ اس میں عرش کو اٹھانے والوں کے نام ہیں جو ہمیشہ اللہ کو پکارتے ہیں اور وہ اسماء جن کا اول مصیصا اور آخر انصدهیوش ہے وہ ہر روح پر زجر اور ہر ملک پر قہر ہیں۔ اور تمہیں معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ایسے

فرشتے ہیں جو اپنی جگہ نہیں چھوڑتے اور اپنے رب کے ذکر اور عبادت میں کمی نہیں کرتے۔ جہاں تک اُن اسماء کا تعلق ہے جن کا اول **ایتلوغ** اور اُن کا آخر **ھمطیھحالخ** ہے یہ اُن ناموں میں سے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے سید شر **نطیائیل** کو پیدا کیا اور یہ اُس کا قہر ہے۔ اور جنوں کو عذاب دینے میں اس کا عجیب راز ہے۔ جب اُسے جن کی تکلیف والے آدمی پر پڑھا جائے اور اُس کا عارض (جن) محبوس ہو۔ اور اگر اُس کے محبوس ہونے سے پہلے اسے پڑھا جائے تو وہ جن بھاگ جاتا ہے اور واپس نہیں لوٹتا۔ یہ شمس کی پیشانی قمر اور سیارہ کواکب پر لکھے ہوئے ہیں۔ خلوت میں ارواح بغیر کسی گھبراہٹ اور ڈر کے حاضر ہوتی ہیں۔ جب اسے چھوٹے بچے کی پیشانی پر لکھا جائے تو وہ سب کچھ دیکھے گا جس میں کوئی شک نہیں۔ امام علامہ رئیس الحکماء ضیاء الدین محمد بن احمد المیکالی رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ جب اس قسم کو پڑھا جائے تو اس کے ہزار خواص ظاہر ہوتے ہیں اور وہ اس کے تین اخوان پر ممیز ہے۔ جس کی روایت حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام کی طرف منسوب ہے کہ اُن سے یہ چار اقسام مروی ہیں کہ علماء کے مشائخ نے اُن کا نام اوتاد اور ارکان رکھا۔ کیونکہ وہ بساط کے ارکان پر لکھے ہوئے ہیں۔ ان کے ساتھ عجیب عمل کئے جاتے ہیں۔ افلاک پر قہر کیا جاتا ہے اور جنوں کو کانی جھڑکیں دی جاتی ہیں کیونکہ اس قسم کا مطلوب و مقصود بڑا ہے۔ جب کوئی اس کے اول میں یہ پڑھے:-

اقسم علی کل روح من مشارق الارض ال مغربها

تو تمام روحانی اس کا جواب دیتے ہیں۔ جب تم اُن کے اسماء کا ذکر کرو یا نہ کرو اور یہ اس جلیل قسم کی طاقت کی وجہ سے ہے۔ یہ اسماء بہت جلیل ہیں۔ جب ان اسماء کو صاف شیشے پر لکھا جائے اور تم شرف شمس میں خالص چاندی کی انگوٹھی اور اُس کے نگینے پر لکھو۔ تم سات راتیں ستاروں میں گزارو۔ تم سات نہروں یا سات کنوؤں کے پانی سے غسل کرو اور تم اس انگوٹھی کو زرد ریشمی کپڑے

میں لف کرو۔ اور جب مندل کے نصب کرنے کی ضرورت ہو وہ اُسے سفید پاک کپڑے کے ٹکڑے پر رکھے اور مذکورہ انگوٹھی اُس کے درمیان میں رکھے پھر خوشبو سے دھونی دے۔ پھر وہ کہے۔

اجمعوا یاخدام هذه الاسماء واحضرو الاملاك والارواح بما لها علیکم من الطاعة لهذه الاسماء

تو وہ قسم کے بغیر حاضر ہو جائیں گے۔ جب وہ حاضر ہو تو وہ انگوٹھی پہنے ہوئے ہوگا۔ وہ اُس انگوٹھی کے سامنے کھڑے ہوں گے جو کچھ بھی وہ چاہے گا وہ اس کی اطاعت کریں گے اور تمام جنوں اور انسانوں کے نزدیک معزز اور مکرم ہوگا۔ اُسے کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکے گا۔ جب اس نقش کو موم پر لکھا جائے اور اُسے جن کی تکلیف والے آدمی پر باندھا جائے تو اس کا جن بھاگ جائے گا اور واپس نہیں لوٹے گا جب تک لکھے ہوئے موم اُس کے اوپر معلق رہے چاہے اُسے ایک دن ہی معلق کیا جائے پھر اُسے ہٹا دیا جائے تب بھی وہ جن واپس نہیں آئے گا۔ یہ نقش شیخ ضیاء الدین کے پاس تھا۔ وہ اس کے ذریعے عجیب و غریب کام کرتے تھے۔ جب جن محبوس ہو جاتا تو وہ اس نقش کو اس کے قریب کرتے تو جن چیخیں مارتا اور شیخ وحاضرین سے پناہ مانگتا۔ طالب کے لیے لازمی زجر یہ ہے تم پڑھو

بسم الله الرحمن الرحیم سبحان من کان ولا مکان سبحان مفنی الدهور والازمان سبحان خالق الانس والجان سبحان من تقدس و تمجد بالعظمة والجلال و تنزه وتفرد بالقدرة والقدم والكمال سبحان خالق کل شیء ولا یشبهه شیء سبحان رب السموات والارض ورب العرش العظیم خلق فصور و حکم فعدل یعلم ما کان قبل ان یکون کما سبق فی سابق الازل به

ازجر واقهر كل من دعوته فتخلف من ملك و خادم و امير ووزير و عامر وقرين و تابع وخاطف وغواص وعارض ومارد و بالاسماء المحرقات والشهب والثاقبات بهلهل ٢ شلخوشاخ ٢ هملولوشاخ ٢ هرشالخ ٢ جهلقيمان لخ اوهالخخ ٢ عقيالخخ ٢ بمن استوى على العرش ودبر الامر وفصل الايات مهمليای مهملصياوی لامع۔ يريدون ليطفؤا نور الله بافواههم والله متم نوره ولو كره الكافرون واقذف بهم يامبطرون بعزة من صورك بالاسماء المكتوبة بالنور على حربة الطاعة التي خصك الله بها واطاع الله الاملاك و الارواح رهشميا لخ ٢ كبفطلوخ شيم ٢ لهشيلطليخ ٢ اسرعوا مطيعين لمن تخافون عذابه وترجون رحمته رب الآخرة والاولى والسموات العلى باعث الرسل بالحجج الواضحات وآلايات الباهرات والمعجزات الظاهرات هيا هياه الطاعة لله ولا سمائه۔

تمہیں معلوم ہو کہ اس زجر میں بہت بڑے جلیل اسماء ہیں۔ اس سے کوئی علوی سفلی اور شیطانی روح بچ نہیں رہتی۔ اس کا نام مدہش محرق ہے۔ اور املاک وارواح کے لیے اُس کے اعوان مدھشات ہیں جو بھی پڑھنے والا اُسے پڑھے تو اُس کے منہ سے چمکدار شعاعیں نکلتی ہیں جو ارواح کو چندھیا کر دیتی ہیں۔ وہ قبولیت ہی کر سکتے ہیں جب تم اُسے برتن میں لکھ کر پانی کے ساتھ مٹاؤ اور اُسے پلاؤ جسے جنوں کی تکلیف ہے تو اُسے اُسی وقت اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفا ہوگی۔ یہ اسماء جلب (محبت کی کشش) دھتکارنے‘ حاضر کرنے اور حجاب کے عمل میں کام کرتے ہیں۔ پس طالب اس

کے سوا محتاج نہیں رہتا۔ جب کوئی اس کے ساتھ عون کو پکارے اور اُسے کوئی کام سونپے تو وہ کام تلوار سے بھی زیادہ تیز ہو جاتا ہے۔ یہ مظطرون کی قسموں میں سے ہے کیونکہ تتمہ اسماء اُس کے حرز پر لکھے ہوتے ہیں۔ اُس کے اعوان خطف (لے لینا) قتل حبس اور نافرمانبردار سرکش لوگوں پر عذاب کے لیے ہیں۔ جب تم اُسے رات کے وقت خالی تنہا مکان میں پڑھو اور خدام میں سے کسی روح کو طلب کرو تو وہ تمہارے لئے حاضر و ظاہر ہو جائے گا۔ اچھے طریقے سے تم سے بات کرے گا اور تمہاری حاجت کے پورے کرنے میں جلدی کرے گا وہ بھی تم اس سے طلب کرو گے۔ اس میں عجیب اسرار ہیں جو مخصوص عون کے ساتھ تمہارے لئے روحانی ریاضت کے بغیر ظاہر ہوں گے یا مخصوص ملک قریب مدت میں تمہارے لئے ظاہر ہوگا۔ تم اس قسم کے ساتھ پورا اہتمام کرو اس کے لیے حریص ہو اور اس کی حفاظت کرو کیونکہ یہ طالب کے لیے عظیم ذخیرہ ہے اور روحانی احکام میں سے بہت عمدہ ہے۔ جب تم اسے کاغذ پر لکھو اور جن والے آدمی کی تکلیف کے لیے پڑھو اور اُسے حکم دو کہ تمہارے پاس حاضر ہو تو وہ حاضر ہو جائے گا اور تم اگر اسے چلے جانے کا حکم دو تو وہ چلا جائے گا ہمیشہ کے لیے پھر لوٹ کر نہیں آئے گا۔ اس کے بہت خواص ہیں۔ یہ نادر حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام سے منقول ہے جب جن کی طرف سے تکلیف زیادہ ہو جائے تو اسے حاضر کرو پھر کہو۔

بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله العظيم الحي القيوم الرحمن الرحيم رب جبرائيل وميكائيل واسرافيل وعزرائيل ٢٥١ اهيا شراهيا اهيا ها هيا نما هيا ادوناى اصباوت ال شداى شلعجيص شليقوش طلطيكش طلطكيوش مهلوشخ بهمش هميوش شيهيت شناهش مرطلطكيوش تافهنم غيوثا نافعلا ثائوت ما اعظم هذا الكلام ما اعظم سلطان الله احترق من عصى اسماء

اللہ بالنار الموقودة اصعقوا بهم یا ملائكة الله الكرام بالرحیق والفزع الشدید والروع العظیم والعذاب الالیم۔

آصف بن برخیا نے کہا کہ وہ اُن کی چیخ و پکار تین مہینے تک سنتے رہے۔ وہ جن کہتے تھے اے اللہ تعالیٰ کے نبی سلیمان علیہ السلام امان دے دیں۔ ہمیں ہر جگہ سے آگ نے گھیر لیا ہے۔ ہمیں اس کلام کے مقابلے میں کوئی طاقت نہیں ہے۔ ان اسماء عظام کی وجہ سے وہ عذاب ہونے کی شکایت کرتے تھے یہاں تک کہ وہ اُن سے راضی ہو گئے اور انہیں معاف کر دیا۔ یہ عجیب وغریب اسرار ہیں جو صحت و تواتر کے ساتھ نقل کئے گئے ہیں۔ شیخ مدین ان اسماء کی بہت تعظیم کرتے تھے۔ وہ کہا کرتے تھے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ کوئی ان اسماء کو پہچانے اور مقصد و مطلب حاصل نہ ہو اور کیسے جنوں کے ملوک مسخر نہ ہوں۔ بے شک وہ امور میں فائدہ دیتے ہیں جیسے خرید و فروخت بھاری وزن کی نقل و حرکت اور کھانے پینے کی چیزوں کا حاصل کرنا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ اسماء عرش کے دائرے پر لکھے ہوئے ہیں۔ یہ مقربین کا ذکر و وظیفہ ہے۔ حکیم بابلی نے اس زجر کا اپنے مقالہ الروحانیۃ میں ذکر کیا ہے اور اُن کے سوا کسی نے ذکر نہیں کیا۔ اور وہی حکیم بطلیموس الدوگی ہے۔ اُس نے کہا کہ ان کے اسرار بہت عجیب وغریب ہیں۔ اس کی مثلث بھی ہے جسے حکماء نے خاص برھتیہ کے ساتھ بنایا ہے۔ ہم اور دوسرے شاگرد اپنے استاد حکیم ارسطوطالیس کے پاس تھے۔ ہم اس زجر کے حفظ کرنے پر ایک دوسرے پر فخر کرتے تھے۔ اور بحث و تامل کے لحاظ سے یہ نظری بحث نہیں ہے خواص کی بحث ہے اس کا اعمال کے قیاس کے ساتھ تجربہ کیا گیا جن کا ذکر نہیں کیا گیا۔ ان اسماء کے خواص وہ ہیں جن کا ذکر حکیم بطلیموس نے اپنے مقالے الاسرار فی خواص الجواہر والاحجار میں کیا ہے۔ اور کہا کہ اس سے زیادہ بدیع کوئی نہیں ہے جو حکمت کے خزائن معنوی جواہر کے اسرار اور بلند حکم کے اسرار کے راز سے پایا گیا ہے۔ ہمارے پہلے معلم استاذ ارسطالیس نے ادریس

سے نقل کے ساتھ ناموس اعظم اور حکمت شریفہ کو خصوصیت دی۔ وہ حکمت کے ساتھ بحث کرنے والے پہلے شخص ہیں وہ حکمت جو روح الامین ملک مقرب حضرت جبرائیل علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ ان عظیم اسماء کی بہت دلیلیں ہیں اور ان کے خواص کے تجربے یقین کے ساتھ بیان کیے گئے۔ ان سے دشمنوں کے شر کو دور کیا جاتا ہے۔ ان کے ذریعے احباب کی کشش ہوتی ہے۔ اجناس و پھلوں کے رزق زیادہ ہوتے ہیں۔ دشمن ہلاک ہو جاتے ہیں۔ ہر ملک پر قہر ہوتا ہے۔ زندگی بڑھ جاتی ہے۔ برکت و زیادتی ہوتی ہے۔ اس کے ذریعے انسانوں و جنوں کے شر اور زہروں کے اثرات کو دور کرتے ہیں۔ ان میں زندگی کا راز ہے۔ وہ ملکوت الٰہی کا مشاہدہ کرتے ہیں دشمنوں پر قہر کرتے ہیں اور ان پر فتح پاتے ہیں کہ اس کے اثرات سے دشمن دوست ہو جاتے ہیں۔ ان کے ذریعے وہ نصرت پاتے ہیں اور چھپے ہوئے خزانے ظاہر ہوتے ہیں پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم کا ذکر اس کے آخر تک کرو اور وہ سلیمان علیہ السلام کے عہد کے نہیں ہے جیسے اس کا ذکر پہلے آ چکا ہے۔ بلکہ وہ اس طرح ہے جس طرح میں نے اس کا ذکر حکیم بلینوس کے شمس میں کیا ہے اور جو سیدنا حضرت ادریس علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے اس کی کنیت ہرمس الہرامسۃ کی تھی یعنی حکیم الحکماء۔ اور میں نے یہ بات اپنے اوپر لازم کر لی کہ میں اس کتاب میں کاہن روحانی کی حکیم افلیغا غورث کے وقت سے اب تک قابل اعتماد قدیم اقسام ہی رکھوں۔ اور عمدہ چیز کا تجربہ کیا جائے تا کہ اس کے لیے برھان ظاہر ہو جائے۔ میں جانتا ہوں کہ حکمت الٰہی اور روحانی اسرار اللہ تعالیٰ کی قدرت کے ساتھ جاہل فاسق اور منافق لوگوں کے لیے ممنوع ہیں۔ اس بات کو رب العالمین کی خوشنودی حاصل ہے۔ ملائکہ مکرمین اس کا اقرار کرتے ہیں۔ اسی بارے میں کہا گیا بعدا للقوم الظالمین۔ اور انکار کرنے والے مکذبین کے لیے بھی یہ اسرار منع کر دیے گئے۔ اللہ تعالیٰ کی پاک ذات نے صرف صالحین کو ان پر مشغول کر دیا۔ اے طالب تم پر یہ بات لازم ہے کہ تم ان اسرار کی حفاظت کرو اور انہیں غیر اہل لوگوں سے

چھپاؤ۔ واللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ اگر تلاوت کے وقت انتہائی ادب کے ساتھ خوشبودار چیزیں بھی روشن کرد تو زیادہ مناسب ہے۔ یہ بات اللہ تعالی ملائکہ اور موکل کے نزدیک اہم ہے۔ اور اسماء کے خدام کے نزدیک بھی زیادہ احترام ہونا چاہیے۔ یہ بات لازم ہے کہ تم طہارت کے ساتھ ہو تمہارے کپڑے پاک صاف ہوں۔ جگہ بھی پاک ہو۔ تلاوت اور کلام کے وقت خوشبودار چیزوں کی دھونی دی جائے۔ تم اللہ تعالی کے حکم سے اُن تمام اعمال میں کامیابی حاصل کرو گے جن میں کوئی حرام اور ظلم کی بات نہ ہو۔ تمہاری ہیبت و وقار زیادہ ہوگا۔ کیونکہ ارواح سچے وعدے اور کم بات کرنے والے طالب کی بات قبول کرتے ہیں۔ ہر حال پر یہ بات اعمال اور اقسام کی قوت کی بنیاد ہے۔ اور پرہیز گاری میں تمام بھلائی ہے۔ یہ تمام علوم خصوصا اس روحانی علم میں بڑی بنیاد ہے۔ ہمارے شیخ کے سامنے قسم سلیمانی کے سبب سے املاک اور ارواح حاضر ہوتے تھے اس بات کا پہلے بھی ذکر آیا ہے کہ پہلی عزیمت حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف منسوب ہے۔ اس کی بہت تعظیم کی جاتی تھی۔ اس قسم کی شاگردوں کو وصیت کی جاتی تھی۔ یہ سیدنا حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسموں میں بڑی قسم ہے۔ اور عہد قدیم بھی ہے پھر اسے عارفین مشائخ سے لیا گیا جنہیں اللہ تعالی نے علماء کے زمرے میں بہت طاقت عطا کی۔

تم پر لازم ہے کہ غیر اہل لوگوں سے یہ اسرار اور تاثیرات اعمال چھپاؤ۔ یہ رکن کبیر ہے۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ تم اپنے آپ کو بچانے والے قلعوں کے ساتھ قلعہ بند کرو تم اپنی مراد میں کامیاب ہو گے اور اعمال میں بھی کامیابی و نصرت پاؤ گے۔ اور صلحاء نے اس حصن عظیم کو نقل کیا ہے۔ تم اسے صبح و شام پڑھو۔ وہ اس طرح ہے تم پڑھو

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ علی یمینی بسم اللہ علی شمالی بسم اللہ خلفی بسم اللہ امامی بسم اللہ وقی بسم

اللـه ا كتفيت وفـى حرزه الحصين دخلت ولحصنه المنيع احتجبت وباسمائه الحسنى تسربلت و بسرانوار اسمه الجليل ترديت وبقوة امداد اسرار اسمه القوى ا لمتين القاهر علوت وغلبت اعدائى من الجن والانس و سائر المخلوقين واحتجبت وقهرت وانتصرت وبجلال بهاء سناء اسم الاعظم الاكبر الحى القيوم ذى الجلال والاكرام تدرعت وببوراق انوار اسرار كلامه العظيم احتجبت وتمسكت و بخفى لطفه الحسن الجميل تعلت وبركنه القوى النجات واستندت سبحانه وبحمده ليس كمثله شىء وهو السميع البصير فتاح عليم باسط معز جواد كريم على عظيم اللهم انى اسالك بالكلمات لتامات والاسماء المعظمات والاحرف النورانيات والكتب المنزلات والايات البينات بما وارته سرادقات عرشك العظيم من الهيبة والجلال والقدرة والعظمة و بما اودعت فى الحروف والاسماء من الخواص والاسرار بالحضرة الشريفة والشريفة المطهرة وبالصلوات الخمس واتصالات الاسرار والرحمةللخواص من عبادك واسالك يا رب بما دعاك به انبياوك ورسلك وبما يسبحك وبمجدك من حملة عرشك والمقربين من ملائكتك ان تجعلنى محصنا محفوظا من كل عدو من الجن والانس والشياطين وسائر العوالم كلها ما علمت منها ومالم اعلم وادخلنى فى امداد انوار سرخزائن

حـرزك العزيز المنيع محجوباعن كل سومفموسا فى بحر من نور هيبتك مـو ئيد منك بروح القدس وكـن اللهم لى وليا و ناصرا وكفيلا ووكيلا و حسيبا وحفيظا برحمتك وفضلك و منتك وطولك واجعل جميع مخلوقاتك طوع يدى مالكا ازمة قلوبهم محبو باعندهم و معروف زامكرما مهابا بالا يعصون امرى ولا انال منهم مكروها ابدا معصوما من اذاهم بشدة المحبة والمودة والالفة واجعلنى فى ذلك قويا من حضرتك الشريفة متمسكا بالشريعة المطهرة متلقيا العلوم والحكمة التى تقذفها من فضلك فى قلبى من فيض انوارك واحفظنى اللهم من العجب والكبر والرياوالنفاق والشرك الخفى وطهر نى من الدنس والزلات والعيوب الباطنه والظاهرة واجعلى آمنامن عذاب القبر وفتنته واجعل حياتى فى طاعتك وفهمى فى علمك اللدنى واصحبنى بعبادك الصالحين وابعد عنى المنافقين وارزقنى باحبابك المتقين والابدال والصديقين واخواننا الروحانيين المجتهدين الصادقين واجعلنى منهم برحمتك ياارحم الراحمين اللهم وعافنى منه كل بلية ونجنى من كل هلكة ولا تعلنى من الغافلين واسقنى كاسارويامن شراب محبتك ولاتجعلنى من القانطين باهو ٣ يا ايهاشاهيا ادوناى اصباوت آل شداى يا ذا الحجة البالغة ياذا العظمة والقدرة يا حى يا قيوم يا ذا الجلال والاكرام

الهی ما اعظم شانك و اعز سلطانك اللهم بك نزلت وانت خير المنزلين وبك اعتصمت وانت خير الناصرين وبك اهتديت الى صراطك المستقيم فاكفني اللهم شر كل مكروه واجعل دعائی مقرونا باجابتك مع اللطف والرعايه والمنح الحسان والتلقيات الكرم و ترقيات الوصول الى حضرتك الكريمة القدسية واهلنی بسماع الخطاب يا سريع يا قريب يا مجيب يا بديع يا رفيع الدرجات يا سامع الاصوات على اختلاف اللغات اسالك العصمة والامن والسلامة واللطف والبركة والقناعة والغنى بك عن من سواك يا ارحم الراحمين۔

اے تم تین دفعہ پڑھو۔ سلام قولا من رب رحیم پانچ یا سو مرتبہ پڑھو اور بروقت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک، ان کے اصحاب، ان کی ازواج، ان کی پاک ذریت پر درود و سلام بھیجو۔ اس کے بہت خواص ہیں۔ اس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل ہوتا ہے۔ اس حصن (ورد و وظیفہ) کو صبح وشام تین مرتبہ پڑھیں۔ یہ دعوت یس کی [illegible] ایام اور سات کواکب پر ہے اس کی ۲۷ تصریفات ہیں۔ ان کی طویل شرح ہے وہ یہ ہے۔

يس والقران الحكيم الى مبين يا كافی يا شافی يا هادی يا لطيف يا باقی اجب يا روفيائيل انت وخدامك واعوانك من العلوية والسفلية اجب يا مذهب سفيرا مطيعا بحق الحمد لله رب العالمين وبحق الحی القيوم و بحق الملك الغالب عليك امره الجبار و بحق الطهطيل وقل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل

كان زهوقا اقسمت عليكم بحق قصليغ وسائيل بان تتوكلوا
بمنع كل من يضر حامل كتابي هذا بحق يس وبحرمة كجغ
ملنقيجفوهش واضرب لهم مثلا اصحاب القرية الى مبين يا رحمن
يارحيم يارؤوف ياعطوف يا جليل ياجبار اجب ياجبرائيل انت
واعوانك وخدامك من السماوية والارضية وانت يامرة الابيض
اجب سميعاً مطيعاً بحق الرحمن الرحيم وبحق الروف العطوف
وبحق الملك الغالب عليك امره هو زج وبحق مطهطيل وقدمنا
الى ما عملوا من عمل فجعلناه هباء منثورا توكلوا بمنع حامل
كتابي هذا وعطفوا عليه قلوب الخلائق من البشر من كل انثى
وذكروهم اولاد آدم و بنات حوا واقضوا حوائجه عند كل من
اقبل عليه واعطفوا عليه بحق الملك الغالب عليك امره طيكل
يدغ ملفيمليوش ان يجيب لي بالسمع والطاعة وتقضوا جميع
حوائجي قانوا انا تطيرنا بكم الى مبين مالك يوم الدين يا مقلب
القلوب اجب ياسمسمائيل انت وخدامك و اعوانك من العلوية
والسفلية اجب يا احمد سميعاً مطيعاً بحق مالك يوم الدين وبحق
الملك الغالب عليك امره طيكل وبحق قهطهطيل فاذا جاء وعد
ربي جعله دكاء وكان وعد ربي حقاً اقسمت عليك ياكاغ
طغكيائيل ان تتوكلوا يحامل كتابي هذا و تمنعوا عنه كل هم و
غم و سوء و ضد و حلواعنه كل عقدة بحق هذه الاسماء وبحق

بحرسبيل كافي انى امنت بربكم فاسمعون الى مبين يا سريع يا قريب اياك نعبد واياك نستعين وبحق السريع القريب يا معبود يا كبير يا متعال اجب يا ميكائيل انت وخدامك واعوانك من العلوية والسفلية اجب يا برقان سميعا مطيعاً بحق اياك نعبدوايك نستعين وبحق السريع القريب المعبود المستعان وبحق الملك الغالب عليك امره مئسع وبحق قهطهطيل قال موسى جئتم به السحر ان الله سيبطله ان الله لا يصلح عمل المفسد المفسدين اقسمت عليكم يا مدع يدائيل ان تتوكلوا وتمنعوا عن حامل كتابى هذا جميع المضرات واجلبوا اله انواع المسرات من جميع الخيرات بحق عزت الله وبحق سيدلك فتيجوغ و مجيوش و يقولون متى هذا الوعد ان كنتم صادقين الى مبين اهدنا الصراط المستقيم يا قادر يا مقتدر يا لطيف يا خبير يا خالق يا هادى اجب يا صرفيائيل انت و خدامك واعوانك من العلوية والسفليةاجب يا شمهورش جميعا مطيعا بحق اهدنا الصراط المستقيم و بحق القادر المقتدر و بحق الملك الغالب عليك امره فصقر وبحق نهطيل وانه لكتاب عزيز لاياتيه الباطل من بين ولا من خلفه تنزيل من حكيم خمير اقسمت عليك يا كاغ ان تجيبوا و تتوكلوا بقضاء حاجتى بحق لاغ وقايوش وان اعبدونى هذا صراط مستقيم الى مبين صراط الذين انعمت عليهم يا عليم

يا حكيم يا علام الغيوب يا قدير يا كبير يا متعال يالطيف اللطف يا
هادى اجب يا عنيائيل انت وخدامك و اعوانك من العلوية
والسفلية اجب يا زوبعة الابيض سميعا مطيعا وافعلو ماتومرون به
بحق الملك الغالب عليك امره عنيائيل وبحق صراط الذين
انعمت عليهم وبحق العليم الحكيم علام الغيوب وبحق
لخهطخطيل اليه يصعد الكلم الطيب والعمل الصالح يرفعه وبحق
شتتخ اجب يا ميططرون وعجل بتسخير الاملاك والخدام و
يطهرون البرهاشه

یہ قسم تین روحانی طبقات پر حکم رکھتی ہے۔ اس سے علوی املاک روحانی اور سفلی ملوک کاموں کے لیے مستعد ہو جاتے ہیں۔ اس کی اطاعت کی قوت تمام ارواح اجناس اور اصناف پر ہے۔ اس قسم کے بہت نام ہیں ان میں سے زیادہ مشہور نام کنز الطلاب، بغیۃ الطلاب اور جامع قسم ہیں۔ وہ یہ ہے قسم پڑھو۔

بسم الله الرحمن الرحيم قسمى هذا على كل من ادعوه
الى رقعتى هذه من سكان الملكوت الاعلى والملكوت السفلى
وما بينهمامن سكان السحاب والطيارين وغيرهم ممن اذكره
واقصد حضوره بهيليهوخ ٢ ططعجملوخ ٢ هميطلوغ
ططاعريامغ كيكهلغ شليخ كيكهلهو شليغ صعصيلهولميغ ططا
همهليغ شطهمليخهلوغ شطهيليخ ٢ هملوغ ٢ غالموغ ٢ شمطا
يلغ ٢ غيلغ ٤ عجهلغ ٤ اركبا كلهوش كلمينالغ رهطيا لخ عزكلينا

لغ برب الارض والسماء اهياه كلينا لغ الدائم على الدوام القائم
على كل نفس بما كسبت اينما تكونوا يات بكم الله الاية عجلوا
بحضوركم عندى واطيعوا امرى امر ربكم واسماوه بعظمة
الالوهية و عزة الربوبية قبل الازمان الغابرة والدهور الداهرة
القدوس الطاهر العلى العظيم الكبير المتعال القاهر تعاليت ربنا يا
محيط واحتجبت بقدس الانوار اللاهوتية والعظمة الازلية الخفية
عن ادراك فهم البرية الثابتة فى عقول ذوى الاذهان
الصافية الزكية يا بارى، وتقدست اسمائوك و عظم ولائوك
وكبرياؤك فلا قادر غيرك ولا قاهر سواك اسالك باسمك الاعظم
واسمائك الحسنى وصفاتك العليا وكلماتك التى قلت بها لجميع
ما فى الاكوان كونى فكانت كما تشاء التى لم يثبت لسماعها
خلق ارض ولاسماء اسالك بما اودعته فيها من اسمائك وسطوات
قهرك وغلبة سلطانك وعز تائيدك ان تسخرلى عبادك و ملائكتك
وجميع الروحانيين استعين بهم باذنك على قضاء حوائجى مما
يرضيك وانت المستعان وعليك التكلان وانى ادعوكم ايها
الارواح الروحانية الطاهرة الزكية المومنون المطيعون لاسماء
رب العالمين من الملائكة الروحانيين الآخدين بنواصى الجن
بما اقسم الله به على السموات والارض فاتوا طائعين لاسمائه
بقدرته وبالكلمات التامات المعظمات والآيات الكبرى وصفات

اللہ العلیا وھو رب الآخرۃ والا ولی وادعوکم بما نزل بہ جبریل
علی آدم و ادریس وسلیمان و کافۃ المرسلین یاہ ۳ اد اہ اہ اھیا
شراھیا ادونای اصبائوت ال شدای ما اعظم اسماء اللہ واغوثاہ
۳ نور التوراۃ نور التوراۃ تلا لا لبھتواہ ۱ ۳۰ یاھو ۳ شلیم شولیم
نموہ ۲ ھیاہ ۲ صھصھا ۲ عجھجا ۲ آہ ۲ یہ ۲ یا نوخ نموہ وبالاسم
الذی اخذ ربنا بہ العھد علی کل شیء فخضع وذل لھیبۃ الربوبیۃ
وعظمۃ الالوھیۃ و بالاسم الاعظم المخزون المکنون وھو آل
شلع یعو یوبیہ بیہ یہ بتکۃ بتکفال یصبی کعی ممیال زریال
نطیعی لک یا آل شمخ شماخ یمیخا بالذی ترتعدون من مخافتہ
و تخرون صعقا لھیبۃ جلالہ العظیم وادعوکم باللہ القیوم لا بی
المھابۃ وھو آل شلع الی قولہ بتکفال۔

روحانی علماء اور عارفین کے نزدیک یہ سات اسماء اعظم ہیں۔ اُن میں تدبر کرو تم اللہ تعالیٰ سے مراد پاؤ گے واللہ بصیر بالعباد۔ اس کے بعد اُن کو سات کواکب پر ختم ہے۔ اُن میں سب سے پہلا کوکب زحل ہے۔ اُس کے ملک حبشہ اور سوڈان ہیں۔ وہ تمام غلام ہیں۔ مشتری کے ملک بغداد عراق اور تمام عجم ہیں۔ مریخ کے ملک دمشق اور شام ہیں۔ شمس کے ملک روم رومانیہ سوید اور اٹلی ہیں۔ زہرہ کے اقالیم استنبول اور تمام بلاد ترکی ہیں۔ عطارد کے ملک مصر اور اُس سے ملنے والا بحیرہ صعید ہیں۔ قمر کے ملک تونس اور تمام مغربی علاقے ہیں اور تمام صحرا بھی ہیں۔ ذنب کے ملک کبریاء ونور کے ساتھ منور پہاڑ ہیں۔ اور وہ پہاڑ بھی ہے۔ جس پر اللہ کریم کا نور ظاہر ہوا جو جبل طور سینا پر ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام چیخ مارتے ہوئے گر پڑے۔ فرشتے آسمانوں عرش کے نیچے اور ہوا

میں اللہ جلیل کی ہیبت اور اُس کے قہر سے خائف اور مرعوب ہو کر سجدے میں گر گئے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ اور کلمات عظمیٰ کی اطاعت کرنے والے ہیں۔ میں اُس نام کے ساتھ تمہیں پکارتا ہوں کہ جس کے ساتھ ملک النور نے کلام کیا تو کروبیون فرشتوں اور روحانیوں کے سر سجدے میں گر گئے۔ وہ اسم دعوت یہ ہے۔

انكبره هوريت باروخ بشمخ شماخ نماخ ۲ العالي علي كل براخ طفطفيش شلش اكرا كروس اله قدوس عزيز قوى قدوس بارد وعزة باهرة بعالم طيموثا منيعاشد يد الارعاد بطيشا يا طوثا منيعا يا عالم بعزتك يانج يا هبور يا شمخ قيوما رحيما مايوثا هولايت هلهيشا الله الواحد القهار هر هر هورضه هوغان كبارأ اوجبارأ ماما يوس ۲ جل سناء د وعز سلطانه شيموس بهورش ۲ صهص ۲ نقق ۲ صمدى هو مصيص طهميس هو ميصص هو ملك الارض والسماء والله الخلق اجمعين اجيبوا بحق به ۳ بيه ۳ ازريال ۳ يدخيال ۲ هوريال سوريال غليال هدريال بهقيال برقيال نوريال عشيال عدريال شرخيال اينما كنتم كنتم من ملكوت الله جل جلاله بحق رتر نيوش مميال آه ۲ هواء هو ۳ رب النور الاعلى العجل ۲ ياملائكة ربي وربكم الله الذى الجم الجن بكلماته عجلوا بحق كاف من كافي و صاد من صادق وهاء من هادى وياء يحيى وعين من عالم و حاء من حفيظ و ميم من ملك و سين من سلام وقاف من قوى بكهيعص حمعسق بحله ويس

الم المر المص الر طس طسم ص حم ق ن بالرب الجليل مقدر الاجل من الازل خالق كل شيء واله كل شيء وهو على كل شيء قدير مشطاط طا ط يوه شمواش هبوط ٢ اه ٢ كيكياس اسرعوا الى يا ملائكة ربي انتم من تحت ايديكم و من تحت ايديهم من اصناف الجن بحق رب السموات والارض عالم الغيب والشهادة الكبير المتعال هبوط ٢ سورس بهر بهرديوش طسهشحطلقوس ايل هلهال وانه لقسم لو تعلمون عظيم حضور ٢ امين۔

یہ عزیمت بہت بڑی ہے۔ اس کے سامنے پر عامل علوی و عالم سفلی میں سے کوئی بھی ثابت قدم نہیں رہتا۔ مگر یہ کہ وہ اس مکان میں حاضر ہو جاتے ہیں جس میں تم ان کو پکارو۔ تو اس دعوت کی قدر پہچانیں اور اس کے حق کا خیال رکھیں اور جاہل لوگوں سے اسے بچائیں۔ اس سے ان پر کوئی اسرار ظاہر نہیں ہوں گے جو ان پر ظاہر ہوں گے وہاں تم پر ہو گا اور تمہارے لئے آخرت میں بھی آزمائش ہے۔ کیونکہ بے وقوف اور جاہل اسے حقیر اور باطل سمجھتے ہیں اس کو نہیں پاتے۔ تو اس عظیم شریف دعوت کے بارے میں کیا ہو گا۔ اسے اپنی ذات کے لیے ذخیرہ بناؤ اور معلوم ہو کہ جب اسے ایسی جگہ پڑھا جائے جہاں کوئی خزانہ ہو تو اس کے مہلک موانع باطل کر دیے جاتے ہیں چاہے وہ ہندسہ یا رصد کے ہوں تحریر و پیش ہونے والے املاک کو باطل کرتے ہیں اور ہندسہ والے جنوں اور عمار کے روساء کو باطل کر دیتے ہیں اس دعوت کی شرح بہت طویل ہے جس کے لیے کئی جلدیں چاہئیں۔ مگر یہاں اتنا ہی کافی ہے جس کے لیے اللہ تعالیٰ کی عنایت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اپنے حکم کے ساتھ جس پر چاہتا ہے اپنی روح ڈال دیتا ہے اور وہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔ یہ قابل اعتماد دعوت بر حقیقہ صحا

ھندی کی نظم سے لی گئی ہے۔ یہ بہت کامل ہے۔ اس میں کوئی کمی و بیشی نہیں کی گئی اس میں بارہ تاجوں کے اسم ہیں۔ دونوں روحانی علوی اور سفلی پر زجر کے طور پر ہیں۔ ان دونوں کی تمام عزیموں اور روحانی اقسام پر بڑی شان ہے۔ جیسے رعیت پر ملک ہے۔ برحقیقت دعوت یہ ہے۔ تم پڑھو۔

اقسمت عليكم يا معاشر الارواح الروحانية علوية وسفلية ان تجيبوا دعوتى وتقضوا حاجتى بعزة برهتيه ۲ كرين ۲ طوران ۲ مزجل ۲ بزجل ۲ ترقب ۲ برهش ۲ غلمش ۲ خوطير ۲ خوطيش ۲ قلنهود ۲ برشان ۲ كظهير ۲ نلموشلخ ۲ يرهيولا ۲ بشكيلخ بشكيلخ ۲ قز ۲ مز ۲ انغلليط ۲ قبرات ۲ غياها ۲ كيدهولا ۲ شمهاهر ۲ شمخاهير ۲ بكهطهطهونيه ۲ بشارش ۲ طونش ۲ طوياش شمخا هو باروخ شيم بكهكيهج كحكلم يغطشى جلد مهجماهم مشليخ تملخ و دوريه ورودنيه مهفياج و بقويه بعزتك الا ما اخذت سمعهم وابصارهم حتى يأتولى طائعين سبحان من ليس كمثله شىء وهو السميع البصير اجيبوا ايتها الملائكة الكرام خدام الكواكب والافلاك و اهبطوا على الملوك الطيارة والارضية وامر وهم بطاعتى والزموهم بقضاء حاجتى فى وقتى هذا هى كذا و كذا بحق هذه الاسماء عليكم و طاعتها لديكم اللهم ياشمخ دالا هاموشيطثيون يا دانو ملخو ثون يالورعش رعيشطوخ لاخون يادهموث ارخا ارخيم ارخيمون يا نويخمون ديموثون ثيخوثيم رازيش اقش دارغلون يا خيثموا ميثوا اخنون

منون یا اھیا شراھیا ادونای اصبائوت صباوثون یادھمیشا دھلیلوا الہ میططرون یا نور بورق ارغش ارغیش شلغثون لغثون یا شیراشرو شخخ شماغا شفون یا ملکوت مالخ ملخیا ملخون یا غلام ارغل ارغا ارغی ارغون ثرنون کزنون یا مشمخ مشخیثا مسلامون یا من امرہ بین الکاف والنون انما امرہ اذا اراد شیثا ان یقول لہ کن فیکون الخ السورۃ اجیبوا ایتھا الملوک الروحانیۃ وافعلوا کذا و کذا بحق ھذہ الاسماء علیکم و طاعتھا لدیکم۔

اللہ تعالیٰ تم پر مبارک کرے اور یہ بر حقیقیہ مثلث ہے جو حضرت امام غزالیؒ سے منسوب ہے:

د	ط	ب
ج	ھ	ز
ح	ا	د

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں کہ مجھے مشتری نے دیکھا یہ مجھ فقیر پر اللہ تعالیٰ کا فضل

ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عدم سے وجود کی طرف ہمیں پیدا کیا۔ مٹی اور پانی سے پیدا کیا تو بشر بن گئے۔ ہماری ذات میں اللہ تعالیٰ کا راز ہے۔ دونوں مشہور ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ تمام آدمیوں نے فخر کیا۔

اے علوم کے سائل جو انہیں نہیں سمجھتا۔ مگر ادیب نظر کے لحاظ سے یقین نہیں رکھتا۔ اور لوگوں میں ایسے کتنے ہیں جو علم و ادب والے ہیں۔ اور صاحب فہم ہیں اسی کی وجہ سے وہ امراء پر بلند درجہ رکھتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو ادب کے لحاظ سے علم کا دعویٰ کرتے ہیں بہت بڑے بنتے ہیں۔ بیلوں گائے کی مثل ہیں [illegible] تم ان سے ہو کہ معافی طلب کرو وہ عروج و قمر کی چال سے اپنی لاعلمی کا اعتراف کرو۔ [illegible] کرتے ہوئے برتن ڈوب گیا۔ ہم [illegible] اور [illegible] ارسال کرتے ہیں۔ ہم اپنے لئے لوگوں کی نظروں سے چھپ جاتے ہیں۔ بے وقوف لوگوں اور امراء سے برائی کے ساتھ۔ تم بڑے مت [illegible] کہ موت کا وقفہ ہوگا اور [illegible] بعد [illegible] ہوں۔ تم شمس کو نصف رات کے وقت چمکنے کی صورت میں [illegible] چاہتے ہو اور [illegible] کو منتشر شہر میں تبدیل کرنا چاہتے ہو۔ پس یہی وہ علم ہے اس کی حفاظت کرو تم [illegible] حاصل کرو گے۔ اگر تم نے اسے بچا لیا تو تم ہمیشہ کے لیے قابل فخر بن جاؤ گے۔

اگر میں نے اس کا ذکر کر دیا تو تم عزت اور تکریم حاصل کرو گے اور اس کے ذریعے تم اپنے ہمعصروں پر فائق ہو جاؤ گے۔ میں اس علم کی خدمت کرتا ہوں تم اس کے اسرار کے ساتھ کامیاب ہو جاؤ گے یہ اس شئے کی وجہ سے ہے جس کا ذکر مشہور ہے [illegible] جاہل لوگوں کے لیے نہ لے کر وہ غدر کرنے والے ہیں۔ انہیں چھوڑ دو اور اس کے غیر قابل فخر کو۔ پس یہ یوسف ہندی کی وصیت ہے جس نے اپنے فقیر بھائیوں کے لیے اسے وصیت کے طور پر چھوڑا۔ اللہ تعالیٰ سے اس

کا فضل مانگتا ہوں کہ وہ کسی سچے بھائی کو الہام کر دے جو امراء کے لیے تصدیق کرے۔

یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر بہت بڑا فضل ہے کہ ہم نے ہدایت کے لیے رسول اکرم ﷺ کو پایا۔ دین تمام علوم کی ابتداء اور کنجی ہیں کفار بے عزت ہو گئے۔ اور ہم نے اُن پر نصرت پائی تم سب اُن کی ذات مقدس پر درود و سلام کہو تم جنت کی صورت میں کامیابی حاصل کرو گے۔ تمہارے لئے بلند محلات ہوں گے۔ جن کے موتیوں کی حکایات ہیں۔

پس وہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم المختار ہیں جو شب معراج میں رات کے وقت براق پر چلے۔ ہم اس کتاب کو بڑی دعوت کے ساتھ ختم کرتے ہیں اس کے ذریعے اُسی وقت دعا قبول ہوتی ہے۔ وہ یہ ہے تم پڑھو۔

بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله المتعالى فى دنوه المتدانى فى علوه المتجبر فى جبروته المنفرد بالعظمة والكبرياء والقدرة والعطا الذى احاط بكل شىء علما واحصى كل شىء عددا الذى احاط علمه بالاخرة والاولى لا اله الا هو الصمد القايم والسلطان الدائم الذى خضعت لهيبته الملوك وصار الممالك لعظمة مملوك فاطر السموات والارض جاعل الملائكة رسلا اولى اجنحة مثنى و ثالثا ورباع اقسمت وعزمت۔ عليكم يا معاشر الارواح الروحانية علوية وسفلية ان تجيبوا دعوتى و تقضوا حاجتى وهى كذا و كذا بحق اسم الله الاعظم وبوجه الله الاكرم و بكلمات الله التامات و باسماء الله الحسنى ما علمت منها و ما لم اعلم و بالاسم السريع القريب المجيب طهور بدعق

المنيع المحجوب وهو اسم الله الاعظم المخزون اقسمت عليكم بالاسم الاعظم الذى اخترقت له السبع الطباق محببه صوره محببه اقسمت عليك يا روقيائيل ان تعجل بالحضور انت وخدام الكواكب السبعة بحق ستغاطيس سقاطيم احون ق ا د م حم هاء امين و بحق الاسم الذى اوله ال واخره ال وهو ال شلع يعوبوبية بيه وه اه اه بتكه بتكفال بصفى كعى ممیال مطيع لكل يا ال ما اعظم اسمك يا ال جل زريال ماسمع ا سمك روح و عصبى الا اقتصت جنا جاه وصعق واحترق من نورك يا ذا النور العظيم اجيبوا واظهر وابرهان الاجابة فى وقتى هذا بحق ما اقسمت به عليكم وانه لقسم لوتعلمون عظيم انه من سليمان وانه (بسم الله الرحمن الرحيم) ان لا تعلوا على واتونى مسلمين مسرعين طائعين لاسماء الله رب العالمين هيا الوحا ٢ العجل ٢ الساعة ٢ بارك الله فيكم وعليكم۔

اللهم انی اسالك واتوسل اليك بحبيبك محمد رسول الله والذين معه اشداء على الكفار رحماء بينهم تراهم ركعا سجدا الى آخر السورة ثم تقول اللهم يا عظيم عظمتك قايتى من القوم الظالمين و حمايتى من جميع المخلوقين وهيبتى ووقارى على القوم الجبارين واظهار كرامتك لى يا رب العالمين فاعصدنى بالملائكة الكرام المطهرين وسخرلى الانس والجن اجمعين

واستجب لی دعوتی انك انت السميع العليم لا اله الا انت سبحانك انی كنت من الظالمين فاستجبناه و نجيناه من الغم وكذلك ننجی المومنين۔

باب ۔اللہ تعالیٰ کے قول کا ذکر

سلام قولا من رب رحيم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے اور درود و سلام اشرف المرسلین سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے اصحابؓ اور اُن کی آل پاک پر ہو۔سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے اسرار کو کافروں اور فاجروں سے چھپایا اُن اسرار کو اپنے نیک عارفین کے دلوں میں جگہ دی اور اُنھیں غیر اہل اسافل اور اشرار سے چھپایا۔اے میرے نیک بھائی تمہیں معلوم ہو کہ یہ آیت شریف سورت یٰسین کا دل ہے۔یہ اللہ کا اسم اعظم ہے جیسے اس کے متعلق صحیح روایات ملی ہیں۔اس کیفیت کے ساتھ کوئی نہیں پہنچا یہ اُن کی خدمت کے لیے ہے جن کے دلوں کا اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لیے امتحان لیا اور انھیں نور ایمان کے ساتھ مزین کیا اور اُن کے اسرار کے رموز کو کھولا۔وہ اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے ہیں جنہوں نے عروہ وثقیٰ کو مضبوطی سے تھاما یہ خدمت مفیدہ ہے۔میں نے اس مسئلے کے بارے میں سنا۔میں نے اس مسئلے کو پانے کے لیے سفر اختیار کیا میں اس علم کے بڑے ماہرین سے پوچھتا رہا۔تو اُنہوں نے مجھے خبر دی کہ وہ ایک ایسے شخص کے پاس ہے جو بیت اللہ الحرام میں ہیں۔میں اُن کے پاس گیا اور اپنے آپ کو اُن کا خادم بنا لیا میں اُن کے پاس ایک سال رہا۔میں نے اُن سے اس بارے میں نہ پوچھا اور ایک دن میں حرم شریف میں بیٹھا ہوا تھا اور میں نے اُن سے اس کے متعلق کوئی ذکر نہ کیا۔کہ وہ شیخ میرے پاس آئے اور اس بارے میں خود اُنہوں نے بات کی پھر اُنہوں نے مجھے یہ کاغذ پر لکھی ہوئی صورت میں عطا کی پھر اُنہوں نے کہا کہ

اس کی حفاظت کرنے کے بعد خلوت اختیار کیا کرو۔ میں نے اُس کی حفاظت کی اور خلوت میں داخل ہوگیا۔ یہ اُس کی صفت ہے۔

اسے تم ہر نماز کے بعد ۸۱۸ دفعہ پڑھو۔ تم سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح ۱۳۳۲ دفعہ پڑھو۔ پھر تم یہ دعا پڑھو

اب ابی توق جلیل یا دارحیل غاب اغلیوب عیل اغیل قیل وا قل تام تاموم نجنیم نخش برقیاش سمساك همهم طهطهور طهوره عموم یاشمال یایمین سلام قولا من رب رحیم۔

رات کے وقت آیت شریفہ کو ۸۱۷ دفعہ پڑھو اور اسم مقدس کا عدد واقع ۱۳۳۲ دفعہ ہے پھر دعاء مذکور کو ۴۱ دفعہ پڑھو۔ خوشبودار چیزوں سے دھونی بھی دو۔ تمہارے سر پر دونوں وفق ہوں اور دعا ذکر کے بعد سات مرتبہ پڑھو۔ تم دونوں وفق (نقش) چینی کے برتن پر لکھو انہیں پانی کے ساتھ دھو کر خلوت کی مدت میں افطار کے ساتھ پیو۔ اور تم تیسرے دن مغرب کے وقت بخور کی مثل خوشبو پاؤ گے تو یہ قبولیت کی علامت ہے۔ تمہارے پاس خدمت کے لیے ایسی کوئی چیز نہیں آئے گی جو تمہیں تشویش میں ڈالے۔ جب تم مذکور نقش کو دیکھو جو آگ کی چنگاریوں میں ہو تو اُس وقت آیت دس مرتبہ اور قسم ایک مرتبہ پڑھو۔ تم ایک آواز سنو گے اور اُس کی شکل نہیں دیکھو گے وہ تم سے کہے گا کہ اے فلاں تم کیا چاہتے ہو تو تم اُس سے وہ طلب کرو جو تم چاہتے ہو۔ تو وہ اُسے اُسی وقت پورا کر دے گا چاہے وہ کھانے پینے کی چیز یا مباح رزق ہی کیوں نہ ہو۔ اور اگر تم اُس سے کسی چیز کے بارے میں سوال کرو گے تو وہ تمہارے پاس آئے گا۔ اُس کی شرح طویل ہے۔ اور جداول داخل کرنے کے راز کے ساتھ ہیں۔ اور اُس کے خادم کو ہم سمیع و مطیع دیکھتے ہیں۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ آیت کی قرات ہزار دفعہ ہو۔ اس قاعدے کی شرح تین کتابوں میں پوری کی گئی ہے۔

٨	١١	١٤	١
١٠	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٣	٥	٤	١٥

٢٥٨	٢٩٢	١٣٧	١٣١
١٣٦	١٣٢	٢٥٧	٢٩٣
١٣٣	١٣٩	٢٩٠	٣٥٦
٢٩١	٢٥٥	١٣٤	١٣٨

یہ مریخ کی دعوت کبریٰ ہے اور پوری تصاریف بھی ہیں وہ یہ ہے تم پڑھو۔

بسم الله الرحمن الرحيم و به استعين اقسمت وعزمت عليكم بالله العلى العظيم الحى واستفتحت بالله وهو خير الفاتحين وامان الخائفين و مبيد الظالمين وخالق الجن والانس اجمعين القادر المقتدر القوى المتين الملك القدوس الواحد القهار الحق المبين ذى الطول والعزة والجبروت الحى القيوم ذى الجلال والاكرام لا اله الا هو الرحمن الرحيم الرحمن على العرش استوى وعلى الملك احتوى تنزهت صفاته وتقدست اسمائه وهو القاهر فوق عباده وهو الحكيم الخبير بقدرة ادعوكم يا ذوى الارواح الروحانية والاشخاص الجوهرية والانوار الملكوتية المستخرجون من طبائع الاحرف النورانية والاسماء الاعجمية والكلمات الربانية والطلاسم العبرانية والاقسام السريانية والتسابيح اليونانية والاحرف الظلمانية والاشكال النارية والترابية والهوائية والمائية الموكلون بالافلاك السبع والكواكب السبع والايام السبعة والاثنى عشر شهر الحوليه

والدهور والازمان والساعات والدرج والدقائق انزلوا يا اهل السموات والارض و يا اهل الطول والعرض و يا اهل النور و البهاء اقسمت عليك يا سيد شرنطيائيل وانت يادر ديائيل وانت ياعطقائيل وانت يا نور يائيل وانت ياسمكيائيل لاجيبوا دعوتی بحق اهيا شراهيا ادونای اصباوت ال شدای وبحق راخ ۲ رياخ ۲ کوش ۲ بعزة اشمخ شماخ العالی علی کل براخ وبحق الاسم الذی لو تکلم به الملك شمخيائيل لتساقطت منه رؤس الملائكة الكروبيون سجدا وهو الاسم الذی تکلم به الملك شرخيائيل فتقطعت منه روس المتمردين وهو بان کبره هو رين باروخ روبياخ باشمخ شماخ العالی علی کل براخ بانطيطيون يا شليش يا کرا کروك افعلوا كذا و كذا بذلة الخضوع بين يديك يا شديد لا رعاد بعجمعج فقج مخمة مقج يا طيطا ضيعا يا طيموثا منيعاويااحما حمينا وياعالما طيموثا اقسمت عليكم بحق هذه الدعوة العظيمة النورانية التی اذا تکلم بها ملك النورغلمشهيائيل لسبحت الملائكة فی اقطار السموات والارض اقسمت عليكم بالاسم العظيم الاعظم الذی اوله ال واخر ال وهو ال شلع بعويوبية يه يه وهاه بتكه بتكفال بصی کعی ممیال مطيعی لك يا ال ما اعظم اسمك يا ال ماسمع اسمك روح وعصی الا صعق واحترق من نورك يا ذا النور العظيم اصعقوبهم يا

ال زريـال اقسـمـت عـليك ايهـا السيد ميـطـطرون انت وجميع الملائكة المذكورين فی هذه الدعوة العظيمة ان تجيبوا دعوتی وتـوكـلـوا بـا عـوان الـمـريـخ الازهـر الناری و امـرهـم بطاعتی وازجرهـم عـلـى قـضـاء حاجتی حتی يحضروا فی مجلسی هذا و يـمتثلوا امری ويقضوا حاجتی اقسمت عليك يا سمسمائيل وانت يا احـمـر بـحق الله الواحد الاحد الفرد الصمد الذی لم يلد ولم يولدولم يكن له كفوا احد وبحق من امره بين الكاف والنون انما امـره الـخ اجيبـوا وافـعـلـوا مـا امرتكم به وهو كذا و كذا اقسمت عـليكـم بـحـق كوكب المريخ ويومه الثلاثاء وبحق صاحب البنية العـليـا والسفـلـى وبحق العزيز المعتز فی عز عزه وبحق من تجلی لـلـجـبـل الـى صـعـقـا من هيبة نور جلاله العظيم الرفيع الشان ان كـانـت الا صيحـة واحدة الى محضرون بحق كسفيائيل و ميمون بـحـق ليـاشـلـش وبـحـق نـور الانوار وسر الاسرار و مـالـك الملك والـمـلـكـوت لا اله الا هو الكبير المتعال اجيبوا بحق مهمهوب ۲ ذی الـلـطـف الـخـفـی يـا الـلـه يـا سـطيع النور و البهاء بهلهليوه الاركياظ هيشورش ياروغا الذی له نور فوق كل نور يمجلجاش حـی قيـوم الـذی سخر الجحر لموسى بن عمران ذی النور عالم الاسرار و ما فی ظلمات البحار توكلوا بحق ما اقسمت به عليكم و اقـضـوا حـاجتی فـی وقتـی هـذا وهـی كذا و كذا هيا يا معاشر

الملوك والاملاك والخدام بالله العظيم وبحق كهيعص حمعسق اجب يا احمر كالريح العاصف والبرق الخاطف بحق ما هو مكتوب على قلم القدرة وهو الفخ ٢ الطخ ٢ ازعج ٢ اجب يا احمر بايكموش ٣ طغليوش ٣ طفمارش ٢ قارش ٢ هارش ٢ ازرش ٢ ازريوس ٢ كيكموش لاليوش مخطاطوش ٢ مرتكماه ٢ اجب يا احمر بعزة نموه ٢ بقاه ٢ يا احمر بحق هذه الاسماء التى خلقت بها وهو اجلفف اشفف ٢ لميطشلاد اشلاون ٢ فتشهل ٢ لله هلل ٢ كارخ ٢ اجب بحق كارخ ٢ بنموه ٢ بنموخ ٢ شلوخ ٢ اشطلوخ ٢ الله لا اله الا هو الحى القيوم لاتاخذه سنة ولا نوم و بالصفات صفا الى ثاقب واسماء الحاتم تقول بايكموش طغليوش طفمارش هارش قارش ازرش كيكموش لاليوش مخطاطوش مرتكماه۔

اس اضمار (ورد و وظیفہ) کو تم معشر (دس خانوں والے نقش) میں لکھو۔ جب تم اس دعوت کو پڑھو گے تو جنوں کے ملوک اور اُن کے قبائل تمہارے لئے حاضر ہو جائیں گے۔ اگر اللہ تعالی تمہارے سے پردے کو کھول دے تو تم دیکھو گے کہ وہ تمہارے لئے انکساری اختیار کریں گے اور اسماء کی ہیبت سے عاجزی اپنائیں گے۔ اُن کی شرح طویل ہے۔ ہم نے اختصار سے کام لیا ہے۔ جب تم اس دعوت کو پڑھو تو تم طہارت کے ساتھ ہو۔ تمہارے کپڑے صاف پاک ہوں اور جگہ بھی پاک ہو۔ تمہارے لئے جابر ملوک انکساری اختیار کریں گے وہ حاضر ہونگے تو آئیں گے تو تم اپنی حاجتوں کے پورے ہونے کے لیے اُن کا تصرف کرواور تم کہو۔

يا من حضر فی هذا المکان من الملوك والخدام توکلوا بفعل کذ و کذا بحق هذه الدعوة الجلیلة وما فیها من الاسماء العظام ولا یتخلف عنها علوی ولاسفلی۔

اگر تم ملوک میں سے کسی ملک کے حاضر کرنے اور کسی حاجت کے پورے کرنے کے لیے بھیجنے کا ارادہ کرو۔

تو تم اُس دن اور اُس کے علوی و سفلی ملک کو جان جاؤ گے تم دعوت اور اختار سات مرتبہ پڑھو اور اِرقو یہ پر خوشبو کی دھونی بھی دو اور کاغذ پر لکھو اور جو چاہتے ہو اُس میں اپنا معاملہ سپرد کرو۔ یہ سرخ کاغذ پر ہو اُسے کسی انار کی لکڑی میں معلق کر دو اُس پر دعوت ۲۸ مرتبہ پڑھو۔ اور جسے چاہتے ہو اُس کے اور اُس کی ماں کے نام کے ساتھ توکل کرو۔ اور کہو۔

توکل یا احمر انت واولادك وخدامك واعوانك وعشایرك بجلب کذا و کذا الی کذا و کذا بحق الاسم الذی خلقت به۔

پھر معشر (دس خانوں والا) نقش کے اندر جس سے متعلق چاہتے ہو اُس کا اور اُس کی ماں کا نام لکھو۔ مقل ازرق، سرخ صندل، مائع میعہ لبان ذکر جاوی، سندروس اور عود قاقلی کے ساتھ اُسے دھونی دو۔ اس سے پہلے تم تمام کو باریک کرو اور عرق گلاب کے ساتھ اُن سب کو گوندھو۔ بندق (درخت) کے پھل کے وزن برابر گولیاں بنا کر انہیں سائے میں خشک کرو۔ پھر مطلوبہ وقت میں انہیں اور یہ عمل کے لیے اٹھاؤ۔ پس یہ بخورات دعوت کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور اسی پر عمل نصف کا دارومدار ہے۔ اس دعوت کے ساتھ تم ایام کے سات املوک اور سات کواکب کے خدام کو حکم دو۔ ان کے ساتھ تم بندش والے آدمی کی بندش اور اُس عورت کی شادی کی بندش کو کھول اور حل کر سکتے ہو جس

